خدمتیں ہیں۔ اگرچہ ان تصانیف میں عموماً اپنے مذہب حنفی کی تائید کی ہے
اور شانِ محدثین کے لائق فتح الباری وغیرہ کتب کی تحقیقات سے اپنی
کتب کو مزین نہیں کیا، لیکن پھر بھی بہت سے مسائل میں فقہائے حنفیہ
کے مقابلہ میں اہلحدیث کی جانب کو ترجیح دی ہے جو غنیمت ہے۔ آپ کی
تحقیقاتِ حدیثیہ کا ماخذ زیادہ تر ابن ہمام کی فتح القدیر اور علامہ عینی کی
شرح بخاری ہے جو خود مذہبِ حنفی کی تقلید کے ملتزم تھے اور شرح مشکوٰۃ میں
زیادہ تر طیبی اور مرقاۃ مصنفہ ملا علی قاری وغیرہما سے لیا ہے۔" [1]

مولانا ضیاء الدین اصلاحی رکن دار المصنفین اعظم گڑھ و ایڈیٹر ماہنامہ معارف اعظم گڑھ لکھتے ہیں کہ:

"شیخ کے زمانہ میں فقہی فروع و جزئیات اور عقلی علوم کا عام چرچا تھا۔
اس کی وجہ سے لوگ کتاب و سنت کے علوم سے نا آشنا اور اُن کے دلائل سے
ناواقف تھے اور تقلید عام تھی۔ بعض ساحلی علاقوں کو چھوڑ کر پورے ملک میں
حنفی فقہ کا رواج تھا۔ سلاطین بھی اسی مذہب سے وابستہ تھے اور علماء و
مشائخ بھی جمود و تعطل کا شکار تھے۔ ایسے دَور میں شیخ عبدالحق نے کتاب و
سنت سے براہِ راست استفادہ کی دعوت دی اور اس نصاب میں حدیث
کی کتابیں شامل کیں تاکہ فقہی جمود کا خاتمہ ہو جائے۔ وہ خود حنفی تھے، مگر
محض مقلد نہ تھے بلکہ محقق حنفی تھے۔ ان کی نظر حدیث پر بڑی گہری تھی" [2]

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے خدمتِ حدیث میں ایک اور کارنامہ یہ سرانجام
دیا کہ حدیث کی کتابیں جو عربی میں تھیں اُن کا فارسی میں ترجمہ اور شرحیں لکھیں۔ اس لیے
کہ اُس وقت ہندوستان میں فارسی کا عام رواج تھا اور عربی زبان سے لوگ زیادہ
واقفیت نہ رکھتے تھے۔ مولانا ابوالکلام آزاد (م ۱۳۷۸ھ/ ۱۹۵۸ء) لکھتے ہیں:

"حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلوی جس دور میں علم و تعلم کے بانی

(باقی صفحہ ۸۳ پر)

---

[1] "تاریخ اہلحدیث"، ص ۳۸۹ — [2] تذکرۃ المحدثین، ج ۳، ص ۲۱۸۔

© rasailojaraid.com
© rasailojaraid.com